سوال نمبر: 12628

منجانب: شگفتہ ملک صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخواہ

کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ

نمبر شمار	سوال	جواب
(ا)	آیا یہ درست ہے کہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر بلدیات ضلع پشاور ترقیاتی منصوبوں میں ٹیکس کی مد میں رقوم وصول کرتا ہے؟	جی نہیں۔ دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر محکمہ بلدیات پشاور ترقیاتی منصوبوں میں ٹیکس کی مد میں کوئی کٹوتی براہ راست نہیں کرتا ہے۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں میں کن کن منصوبوں کس کس مد میں کتنا کتنا ٹیکس ٹھیکیداروں سے وصول کر کے قومی خزانے میں جمع کرایا گیا ہے نیز منصوبوں کی اے اے، ریلیز ورک آرڈر اور اس سے حاصل شدہ اور جمع شدہ رقوم کی تفصیل فراہم کی جائے۔	دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر محکمہ بلدیات پشاور ترقیاتی منصوبوں کی ادائیگی کے وقت دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل صوبہ خیبر پختونخواہ کو فائل ارسال کرتا ہے۔ رائج شدہ ٹیکس کی کٹوتی دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل صوبہ خیبر پختونخواہ براہ راست کرتا ہے۔ دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل صوبہ خیبر پختونخواہ جمع شدہ ٹیکس کٹوتی کی رقم ماہانہ بنیاد پر متعلقہ محکمہ کے سرکاری اکاؤنٹ میں سرکاری خزانے میں جمع کر دیتا ہے۔